CODE: 51

| دستخط نگران کار | | Booklet Serial No. |
|---|---|---|

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (اردو)

## انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات، جون 2025

## PhD (Urdu) Entrance Test Question Paper, June 2025

ہال ٹکٹ نمبر

OMR Serial No.

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 70

---

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔

2. یہ پرچہ سوالات کل (12) صفحات پر مشتمل ہے۔ آخری کے 3 صفحات Rough Work کے لیے ہیں۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔

3. یہ کتابچے دو حصوں Part A and Part B پر مشتمل ہے۔

پہلے حصے (Part A) میں جملہ 50 معروضی سوالات (MCQ) ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue/Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔ ہر سوال کا ایک (1) نمبر مختص ہے۔

حصہ دوم (Part B) چار سوالات (Descriptive) پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے 5 نمبرات مختص ہیں۔ حصہ دوم (Part B) میں جوابات کے لیے علاحدہ 8 صفحات کا کتابچہ (Booklet) فراہم کیا جائے گا۔

4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔

6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔

7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہ سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

☆☆☆

## (Part - A) حصہ اول

## Section-I (Research Methodology) تحقیق کے طریقہ کار

1۔ کسی کی تحقیق یا مجموعہ میں کسی دوسرے کی تخلیقات کوشامل کرنے کو کیا کہا جاتا ہے ؟

(A) انضمام (B) انتحال

(C) ۔الحاق (D) انتخاب

2۔ کسی ادیب کے اہم واقعات اور تصانیف کو سن اور تاریخ کی ترتیب سے درج کرنے کو کیا کہا جاتا ہے ؟

(A) توقیت (B) توقیف

(C) تاریخ (D) ترتیب

3۔ مخطوطہ یا کتاب کے شروع اور آخر کے اوراق ضائع ہوگئے ہوں تو اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) ناقص الآخر (B) ناقص الاول

(C) ناقص الاوسط (D) ناقص الطرفین

4۔ مرزا غالب کی کتاب ''دستنبو'' کس نوعیت کی ہے؟

(A) خطوط کا مجموعہ (B) خودنوشت

(C) روزنامچہ (D) سفرنامہ

5۔ خمخانہ جاوید کس کا تذکرہ ہے ؟

(A) میرتقی میر (B) لالہ سری رام

(C) مصحفی (D) مولوی کریم الدین پانی پتی

6۔ اردو کی پہلی داستان ''سب رس'' کو کس نے دریافت کیا؟

(A) ۔نصیرالدین ہاشمی (B) محی الدین قادری زور

(C) مولوی عبدالحق (D) شمس اللہ قادری

7۔ اردو قواعد پر کسی ہندوستانی کی پہلی کتاب کون سی ہے ؟

(A) دریائے لطافت (B) رسالہ قواعد ہندوستانی

(C) رسالہ قواعد اردو (D) اردو گرامر

8۔ اردو کی پہلی لغت کا درجہ کس کو حاصل ہے ؟

(A) نوراللغات (B) فیروز اللغات

(C) غرائب اللغات (D) فرہنگ عامرہ

9۔ کس پر متن کا اطلاق نہیں ہوتا ؟

(A) حافظہ میں محفوظ روایت (B) کاغذ پر لکھی تحریر

(C) سنگی کتبہ (D) جانوروں کی جلد پر لکھی گئی عبارت

10۔ امیر خسرو کا ہندوی کلام مع نسخہ برلن ذخیرۂ اشپرنگر کو مرتب کر کے پہلی مرتبہ کس نے شائع کیا ؟

(A) جمیل جالبی (B) مولوی عبدالحق

(C) محی الدین قادری زور (D) گوپی چند نارنگ

11۔ کس نے کہا کہ اردو زبان سندھی سے نکلی ہے؟

(A) محمود شیرانی (B) نصیرالدین ہاشمی

(C) سید سلیمان ندوی (D) مسعود حسین خان

12۔ مغربی ہندی کا تعلق کس اپ بھرنش سے ہے؟

(A) شورسینی اپ بھرنش (B) مہاراشٹری اپ بھرنش

(C) ماگدھی اپ بھرنش (D) اردھ ماگدھی اپ بھرنش

13۔ اردو کے صوتی نظام کے حروف کی کل تعداد کتنی ہے ؟

(A) 36 (B) 37

(C) 38 (D) 39

14۔ ''مبادیات تحقیق'' کس کی کتاب ہے ؟

(A) گیان چند جین (B) عبدالستار دلوی

(C) عبدالرزاق قریشی (D) تنویر احمد علوی

15۔ ''تحقیق وتدوین سمت ورفتار'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) ڈاکٹر محمد موصوف احمد (B) پروفیسر نذیر احمد

(C) اعجاز راہی (D) رشید حسن خان

16۔ اردو کا اولین ڈراما ''علی بابا اور چالیس چور'' 1952ء کو مدراس (چینئی) سے شائع ہوا۔ اسے کس نے تحریر کیا ۔؟

(A) تھامس روبک (B) ڈاکٹر ہنری ہارس

(C) کیپٹن گرین آوے (D) الیکزنڈر ڈنکن کیمبل

17۔ حیدر بخش حیدری کی کتاب ''گلزار دانش'' کو کوپن ہیگن (ڈنمارک) کے ایک کتب خانہ سے دریافت کر کے کس نے شائع کیا ؟

(A) شمس الرحمٰن فاروقی (B) عبدالستار دلوی

(C) عبادت بریلوی (D) سید عبداللہ

18۔ اردو زبان میں لکھی جانی والی پہلی طبع زاد داستان کون سی ہے ؟

(A) سب رس (B) باغ و بہار

(C) داستان امیر حمزہ (D) نو بہار

19۔ فورٹ ولیم کالج میں سب سے زیادہ کس نے کتابیں مرتب کیں؟

(A) میر امن (B) کاظم علی جوان

(C) نہال چند لاہوری (D) حیدر بخش حیدری

20۔ ''تفسیر غالب'' کے عنوان سے غالب کے منسوخ کلام کی شرح کس نے لکھی ہے ؟

(A) مالک رام (B) گیان چند جین

(C) امتیاز علی خان عرشی (D) نیاز فتح پوری

21۔ ''تبرکات آزاد'' کے مرتب کون ہے ؟

(A) ہمایوں کبیر (B) مالک رام

(C) غلام رسول مہر (D) نواب صدر یار جنگ

22۔ تذکرہ شائع ہونے پر مولانا آزاد نے کس کے نام خط میں لکھا کہ ''تذکرہ کوئی ایسی چیز نہ تھی جو خصوصیت کے ساتھ شائع کی جاتی، ایک صاحب نے بطور خود شائع کر دیا''

(A) حبیب الرحمٰن خان شیرانی (B) سید سلیمان ندوی

(C) محی الدین قدری زور (D) عبدالماجد دریابادی

23۔ درج ذیل میں کون محقق نہیں ہیں؟

(A) قاضی عبدالودود (B) فراق گورکھپوری

(C) رشید حسن خان (D) مالک رام

24۔ ''اردو ایہام پر زیادہ تر ہندی شاعری کا اثر ہوا اور ہندی میں یہ سنسکرت سے پہنچی ہے'' یہ قول کس کا ہے ؟

(A) محمود شیرانی (B) جمیل جالبی

(C) مولوی عبدالحق (D) محی الدین قادری زور

25۔ ترقی پسند تحریک کے مصنفین کی چوتھی کل ہند کانفرنس کہاں منعقد ہوئی ؟

(A) لکھنؤ (B) دہلی

(C) حیدرآباد (D) کلکتہ

**Section -II (Concerned Subject) Urdu اردو**

26۔ نصرتی کی رزمیہ مثنوی ''علی نامہ'' کو کس نے مرتب کیا ؟

(A) سید محمد (B) سعادت حسن رضوی

(C) عبدالمجید صدیق (D) حفیظ قتیل

27۔ ہمایوں فال اور سمن بر کی عشق کی داستان کس مثنوی میں بیان ہوئی ہے ؟

(A) گلشن عشق (B) پھول بن

(C) قطب مشتری (D) بہرام گل اندام

28۔ اردو میں اصلاح زبان کی تحریک کو فروغ دینے میں کس شاعر کا اہم کردار رہا ؟

(A) ولیؔ (B) میرؔ

(C) انیسؔ (D) ناسخؔ

29۔ ''دلی کا دبستان شاعری'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) ابواللیث صدیقی (B) نورالحسن ہاشمی

(C) محمد حسن (D) جمیل جالبی

30۔ درج ذیل میں کون دہلی کالج کے پرنسپل نہیں تھے ؟

(A) ڈاکٹر الواس اشپرنگر (B) ڈاکٹر گلکرسٹ

(C) مسٹر ٹیلر (D) مسٹر بترو

31۔ علی گڑھ تحریک کے خلاف کس تحریک یا رجحان کا ردعمل سامنے آتا ہے ؟

(A) ترقی پسند تحریک (B) حلقہ ارباب ذوق

(C) رومانی تحریک (D) جدیدیت

32۔ سرسید احمد خان کی مشہور کتاب ''آثارالصنادید'' سب سے پہلے کب شائع ہوئی ؟

(A) 1847 (B) 1848

(C) 1850 (D) 1860

33۔ کس کا تعلق حلقہ ارباب ذوق سے نہیں تھا؟

(A) میراجی (B) قیوم نظر

(C) سجاد ظہیر (D) اختر شیرانی

34۔ ''جدیدیت کی فلسفیانہ اساس'' کے مصنف کون ہیں ؟

(A) گوپی چند نارنگ (B) شمیم حنفی

(C) شمس الرحمٰن فاروقی (D) محمد حسن

35۔ ''شعرالعجم'' کی کس جلد میں شبلی نے تخیل ومحاکات کی بحث کی ہے؟

(A) اول (B) دوم

(C) سوم (D) چہارم

36۔ لفظ ومعنی کے رشتے کو توڑنے والا کون سا تنقیدی تصور ہے ؟

(A) سائنٹفک تنقید (B) مارکسی تنقید

(C) ردتشکیل (D) رومانی تنقید

37۔ غزل کے سب سے اچھے شعر کو کیا کہتے ہے؟

(A) مطلع (B) مقطع

(C) حسن مطلع (D) بیت الغزل

38۔ متقدمین نے مثنوی کے لیے کتنے اوزان مقرر کئے ہیں؟

(A) 5 (B) 6

(C) 7 (D) 8

39۔ نظم کی کون سی قسم ہے جس میں اظہار خیال نثر کے آہنگ میں کیا جاتا ہے؟

(A) آزاد نظم (B) نثری نظم

(C) پابند نظم (D) ہائیکو

40۔ انجمن پنجاب لاہور کے مشاعروں میں حالی نے پہلی نظم کون سی پڑھی تھی ؟

(A) برکھارت (B) نشاط امید

(C) حب وطن (D) مناظر رحم وانصاف

41۔ ذیل میں سے کون ناول کی تکنیک نہیں ہے ؟

(A) خواب (B) فلیش بیک

(C) شعور کی رو (D) قصہ گوئی

42۔ ذیل میں سے کس نے اپنے ناولوں کے عنوانات مصرعوں سے اخذ کئے ہیں ؟

(A) پریم چند (B) عصمت چغتائی

(C) مرزا ہادی رسوا (D) قرۃ العین حیدر

43۔ افسانوی مجموعہ ''انگارے'' کی اشاعت پر کس نے کہا تھا کہ ''یہ سماج پر پہلا وحشیانہ حملہ ہے۔''

(A) عزیز احمد (B) فراق گورکھپوری

(C) عبادت بریلوی (D) کلیم الدین احمد

44۔ ''ان کے یہاں کردار خود مکالمہ میں نصیحت کرنا شروع کر دیتے ہیں'' یہ جملہ پروفیسر آل احمد سرور نے کس ناول نگار کے بارے میں کہا تھا۔

(A) عبدالحلیم شرر (B) ڈپٹی نذیر احمد

(C) پنڈت رتن ناتھ سرشار (D) عصمت چغتائی

45۔ ''بیسویں صدی میں اردو ناول'' کس کی کتاب ہے ؟

(A) یوسف سرمست (B) جعفر رضا

(C) طارق چھتاری (D) حنیف نقوی

46۔ ''فن افسانہ نگاری'' کے مصنف کون ہیں ؟

(A) گوپی چند نارنگ (B) وقار عظیم

(C) طارق چھتاری (D) حنیف نقوی

47۔ کرشن چندر کے افسانے ''ہم وحشی ہیں'' کا موضوع کیا ہے ؟

(A) جنگ آزادی (B) اصلاح معاشرہ

(C) قحط بنگال (D) تقسیم ہند

48۔ افسانوی مجموعہ ''اپنے دکھ مجھے دیدو'' میں کون سا افسانہ شامل نہیں ہے۔؟

(A) لاجونتی (B) اپنے دکھ مجھے دیدو

(C) ساڑے تین آنے (D) حجام الہ آباد کے

49۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا قیام کب عمل میں آیا؟

(A) 1996 (B) 1998

(C) 2000 (D) 2002

50۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے پانچویں وائس چانسلر کا نام بتائیں۔؟

(A) پروفیسر اے۔ایم پٹھان (B) ڈاکٹر اسلم پرویز

(C) پروفیسر سید عین الحسن (D) پروفیسر عبید صدیقی

## (Part - B) حصہ دوم

## Descriptive

(4 X 5 = 20 marks) چاروں سوالات کے جواب لکھیے:

### (Research Methodology)

1۔ موضوع کے انتخاب کے لیے کن باتوں کو ملحوظ خاطر رکھنا ضروری ہے؟ وضاحت کیجیے۔

2۔ تدوین متن سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے؟

### (Subject Concerned)

3۔ ایہام گوئی سے کیا مراد ہے؟ مثالوں سے سمجھایئے۔

4۔ سرسید کا سفر نامہ ''مسافرانِ لندن'' کی اہمیت کو اجاگر کیجیے۔

☆☆☆

# Rough Work

# Rough Work